[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**Bill**

further to amend the National Database and Registration Authority Ordinance, 2000

**WHEREAS** it is expedient further to amend the National Database and Registration Authority Ordinance, 2000 (VIII of 2000), for the purpose hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title and commencement.** (1) This Act may be called the National Database and Registration Authority (Amendment) Act, 2025:-

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment in preamble, Ordinance VIII of 2000.-** In the National Database and Registration Authority Ordinance, 2000 (VIII of 2000), hereinafter referred to as the said Ordinance, in preamble, for the words "to facilitate", the words "to ensure" shall be substituted.

3. **Amendment in section 2, Ordinance VIII of 2000.-** In the said Ordinance, in section 2, in clause (n), after the word "rules", the words "or regulations" shall be inserted.

4. **Amendment in section 5, Ordinance VIII of 2000.-** In the said Ordinance, in section 5,

(a) in sub-section (1), in clause (b), for the words "the broadening of the registration base to bring" the word "bringing" shall be substituted; and

(b) in sub-section (4),

(i) after clause (a), the following clause (aa) shall be inserted:

"(aa) shall issue or renew National Identity Card to a citizen for a prescribed period, form and manner;"; and

(ii) in clause (b), the expression "citizens," shall be omitted.

5. **Insertion of sections 5A and 5B Ordinance VIII of 2000.-** In the said Ordinance, after section 5, the following new sections 5A and 5B shall be inserted:

"**5A. Registration of certain classes of citizens.** - (1) The Authority shall take special initiatives to facilitate and ensure easy and cost-effective issuance or renewal of the

National Identity Cards to certain classes of citizens especially women, persons with disabilities, transgender persons, prisoners and religious minorities.

(2) The Authority shall conduct research and analysis identifying the causes of deficiencies in issuance or renewal of the National Identity Cards to certain classes of citizens like women, persons with disabilities, transgender persons and religious minorities in any area and take effective measures to address these causes for universal issuance or renewal of the National Identity Cards to these classes of citizens.

**5B. Periodic campaign for registration.** (1) The Authority shall take proactive measures including periodic campaigns for achieving universal registration of citizens and completion of family trees for swift issuance of the National Identity Cards to citizens who have attained eighteen years of age.

(2) The Federal Government shall, by rules, fix the timelines for provision of services to citizens by the Authority with clear roles and responsibilities of the Registration Officers.

(3) In case of failure of the Authority in provision of a service within the prescribed timeline, the Authority shall waive entire fee for provision of the service to the citizen and shall take disciplinary action against the responsible officer or officers."

**6. Substitution of section 9, Ordinance VIII of 2000.-** In the said Ordinance, for section 9, the following shall be substituted namely:-

"**9. Registration of citizens.** (1) The Authority shall, in the prescribed manner, register a citizen who has attained the age of eighteen years and after birth of a citizen in the form and manner as may be prescribed.

(2) A citizen who has attained the age of eighteen years shall, within six months from the date of attaining the age of eighteen years, apply for registration with the Authority.

(3) A parent or guardian shall, within six months from the date of the birth of a citizen, apply for registration of the child in the form, manner or to a person as may be prescribed.

(4) The Authority shall develop an integrated birth registration database management system in the form and manner as may be prescribed and shall take measures for universal child birth registration of the citizens.

(5) A local authority shall assist the Authority for universal child birth registration of citizens through the integrated birth registration database management system and the Authority may issue directions to local authorities which shall be binding on the local authorities.

(6) For a citizen born outside Pakistan, an embassy or a high commission of Pakistan or another office or a person, as may be prescribed, shall be deemed as a local authority for the child birth registration.

(7) A citizen may make an application for birth registration in such form and to such person or forum as may be prescribed.

(8) The Authority shall issue to a citizen who has not attained the age of eighteen years but is registered under sub-section (1) such certificate of registration in such form and manner and containing such information relating to such registered citizen as may be prescribed.

(9) A court or any other forum shall admit in evidence the certificate issued under sub-section (8) or a National Identity Card issued under this Ordinance for the purpose of proving the identity of, and other information or particulars contained in it relating to the citizen.

**7. Substitution of section 10, Ordinance VIII of 2000.-** In the said Ordinance, for section 10, the following shall be substituted, namely:-

"**10. National Identity Cards.-** (1) The Authority shall issue or renew National Identity Card to a citizen who has attained the age of eighteen years and is registered under section 9, having the period of validity, upon payment of a reasonable fee and in the form and manner, as may be prescribed.

(2) Before issuing or renewing a card under this section, the Authority may require a person to surrender the National Identity Card earlier issued to the person under this Ordinance.

(3) The Authority shall identify the unregistered citizens or class of citizens like women, transgender persons, persons with disabilities and religious minorities, and areas with low registration and shall take measures for ensuring registration of those citizens by facilitating them in issuance of the National Identity Cards.

(4) Notwithstanding anything contained in this Ordinance, the Authority shall issue a National Identity Card to a citizen under this Ordinance for the period as may be prescribed by the Federal Government with a view to promoting uniformity, authenticity and technological advancement in the registration of citizens and issuance of National Identity Cards."

**8. Insertion of section 10A, Ordinance VIII of 2000.-** In the said Ordinance, after section 10, the following new section 10A, shall be inserted, namely:-

"**10A. National Identity Cards with disability logo.-** (1) The Authority shall issue or renew National Identity Card with disability logo to a citizen who has attained the age of eighteen years, is registered under section 9 and is a person with prescribed disability with the period of validity, upon payment of fee and in the form and manner, as may be prescribed.

(2) The Authority may, in the prescribed manner, ascertain the disability and in case of visible disability may issue or renew National Identity Card with disability logo on the basis of on the spot examination by a designated Registration Officer."

**9. Amendment in section 14, Ordinance VIII of 2000.-** In the said Ordinance, in section 14, for the expression, 10, 11, 12 and 13", the expression "10, 10A, 11, 12 and 13" shall be substituted.

**10. Amendment in section 17, Ordinance VIII of 2000.-** In the said Ordinance, in section 17, for sub-section (1), the following shall be substituted namely:-

"(1) In case of the death of a holder of a card or certificate issued under this Ordinance, a next of kin or guardian of the deceased shall, within sixty days of death, surrender the card or certificate to the District Registrar or any other person or authority as may be prescribed."

**11. Insertion of section 17A, Ordinance VIII of 2000.-** In the said Ordinance, after section 17, the following new section, 17A shall be inserted, namely:-

"**17A. Registration of deaths.-** (1) The Authority shall, in the prescribed manner, register death of a citizen in coordination with the local authorities.

(2) The Authority shall develop an integrated death registration database management system in coordination with the local authorities and shall take measures for universal death registration of the citizens.

(3) A local authority shall assist the Authority for death registration of the citizens through the integrated death registration database 12.

Management system and the Authority may issue directions to the local authorities which shall be binding on the local authorities.

(4) For a citizen who dies outside Pakistan, an embassy or a high commission of Pakistan or another office or a person, as may be prescribed, shall be deemed as a local authority for the death registration.

(5) A next of kin or guardian of a citizen who dies may make an application for death registration in such form and to such person or forum as may be prescribed.

(6) The Authority shall, in the prescribed manner, cancel the National Identity Card of the dead citizen."

**12. Substitution of section 23, Ordinance VIII of 2000.** In the said Ordinance, for section 23, the following shall be substituted namely:-

"**23 Power to call for proof of information.** - (1) Subject to sub-section (2), the Authority may require a person who has given any information to furnish documentary or other evidence of the truth of the information where it is within the power of the person to furnish the required evidence.

(2) The Authority may not require proof of any person's visible disability except for an undertaking as may be prescribed."

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Dynamics of national identification have fast changed during the past decade. Now, National Identity Card has become essential for exercise of civic and economic/ property rights by the citizens. It is important to bring changes in the NADRA Ordinance in order to conform it to the changed scenario and dynamics of the society. It should be NADRA's responsibility to register every citizen and obligation of citizen is derived through need and necessity. There

exists huge gender gap in registration and issuance of the National Identity Cards. Special provisions are required to fill this gap. The law should require NADRA to take special initiatives to facilitate and ensure easy and cost-effective registration of disadvantaged groups like persons with disabilities, transgender persons, prisoners and religious minorities. Child birth registration and registration of deaths are the other key areas which require specific legal provisions for improving systems of NADRA. An amendment makes it obligatory on the Pakistan Bureau of Statistics to share population, individuals and households' information with NADRA making it easier for NADRA to identify unregistered citizens especially women, transgender, persons with disabilities and religious minorities. The Authority should not require proof of any person's visible disability except for an undertaking on the prescribed form. Hence this Bill.

**SD/-**
**MS. SHAHIDA REHMANI**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۰ء (آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۰۰ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۰۰ء، ابتدائیہ میں ترمیم۔** نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۰ء (آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۰۰ء) میں، جس کا بعد ازاں مذکورہ آرڈیننس کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، ابتدائیہ میں، الفاظ "سہولت بہم پہنچانا" کو الفاظ "یقینی بنانا" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۳۔ **آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۰۰ء، دفعہ ۲ میں ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۲ میں، شق (ن) میں، لفظ "قواعد" کے بعد الفاظ "یا ضوابط" شامل کر دیئے جائیں گے۔

۴۔ **آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۰۰ء، دفعہ ۵ میں ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۵ میں،

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں، شق (ب) میں، الفاظ "لانے کے لئے رجسٹریشن کا دائرہ وسیع کرنے" کو لفظ "لانے" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۴) میں،

(i) شق (الف) کے بعد، حسب ذیل شق (الف الف) شامل کر دی جائے گی:

"(الف الف) کسی شہری کو قومی شناختی کارڈ تجویز کردہ مدت، طرز اور انداز میں جاری کرے گی یا اس کی تجدید کرے گی؛ اور

(ii) شق (ب) میں لفظ "شہریوں" کو حذف کر دیا جائے گا۔

۵۔ **آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۰۰ء، دفعات ۵/الف اور ۵ب کی شمولیت۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۵ کے بعد درج ذیل نئی دفعات ۵/الف اور ۵ب شامل کر دی جائیں گی:

"۵/الف۔ **مخصوص طبقات کے شہریوں کی رجسٹریشن۔** (۱) اتھارٹی مخصوص طبقات سے تعلق رکھنے والے شہریوں بالخصوص خواتین، معذور افراد، خواجہ سراؤں، قیدیوں اور مذہبی اقلیتوں کو قومی شناختی کارڈ کے اجرا یا تجدید میں سہولت دینے اور اس عمل کو آسان اور کم لاگت بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کرے گی۔

(۲) اتھارٹی مخصوص طبقات سے تعلق رکھنے والے شہریوں مثلاً خواتین، معذور افراد، مخنث افراد اور مذہبی اقلیتوں کو قومی شناختی کارڈ کے اجرا یا تجدید میں درپیش خامیوں کی وجوہات کی نشاندہی کے لیے تحقیق اور تجزیہ کرے گی اور ان وجوہات کے ازالے کے لیے مؤثر اقدامات کرے گی تاکہ ان طبقات سے تعلق رکھنے والے شہریوں کو قومی شناختی کارڈ کے یونیورسل اجرا یا تجدید کو یقینی بنایا جاسکے۔

۵ب۔ **اندراج کے لیے میعادی مہم۔** (۱) اتھارٹی شہریوں کی یونیورسل رجسٹریشن اور خاندانی شجرہ جات کی تکمیل کے لیے فعال اقدامات کرے گی، جن میں باقاعدہ مہمات بھی شامل ہوں گی، تاکہ ان شہریوں کو جو اٹھارہ سال کی عمر کو پہنچ چکے ہوں، قومی شناختی کارڈ کا فوری اجرا یقینی بنایا جاسکے۔

(۲) وفاقی حکومت قواعد کے ذریعے اتھارٹی کی جانب سے شہریوں کو خدمات کی فراہمی کے لیے وقت کا تعین کرے گی، اور اندراجی افسران کی واضح ذمہ داریاں اور کردار مقرر کرے گی۔

(۳) اگر اتھارٹی مقررہ مدت کے اندر کسی خدمت کی فراہمی میں ناکام ہو جائے تو اتھارٹی اس خدمت کی فراہمی کے لیے شہری کو مکمل فیس معاف کرے گی اور متعلقہ افسر یا افسران کے خلاف تادیبی کارروائی کرے گی۔

۶۔ **آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۰۰ء، دفعہ ۹ کی تبدیلی۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۹ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۹۔ **شہریوں کا اندراج۔** (۱) اتھارٹی ہر ایسے شہری کا اندراج تجویز کردہ طریقہ کار کے مطابق کرے گی جو اٹھارہ برس کی عمر کو پہنچ چکا ہو، اور ہر نومولود شہری کے اندراج کے لیے تجویز کردہ صورت اور طریقہ کار کے مطابق اندراج کرے گی۔

(۲) ہر وہ شہری جو اٹھارہ برس کی عمر کو پہنچ چکا ہو، اٹھارہ برس کی عمر مکمل کرنے کی تاریخ سے چھ ماہ کے اندر اتھارٹی کو اندراج کے لیے درخواست دے گا۔

(۳) کوئی والدین یا سرپرست، کسی شہری کی پیدائش کی تاریخ سے چھ ماہ کے اندر، بچے کے اندراج کے لیے تجویز کردہ صورت، طریقہ کار یا مجاز شخص کے پاس درخواست دے گا۔

(۴) اتھارٹی مجوزہ صورت اور طریق کار میں پیدائش کے اندراج کے لیے مربوط ڈیٹا بیس مینجمنٹ سسٹم تیار کرے گی اور شہریوں کی اولاد کی پیدائش کے آفاقی اندراج کے لیے تدابیر اختیار کرے گی۔

(۵) ایک مقامی ہیئت مجاز پیدائش کے اندراج کے لیے مربوط ڈیٹا بیس مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے شہریوں کی اولاد کی پیدائش کے آفاقی اندراج کی غرض سے اتھارٹی کی معاونت کرے گی اور اتھارٹی مقامی ہیئت ہائے مجاز کو ہدایات جاری کر سکے گی، جن کی بابت مقامی ہیئت ہائے مجاز کو پابند کیا جائے گا۔

(۶) پاکستان سے باہر پیدا ہونے والے شہری کے لیے مجوزہ سفارت خانہ یا پاکستان کے ہائی کمیشن یا کسی اور دفتر یا شخص کو اس شہری کی پیدائش کے اندراج کے لیے مقامی ہیئت مجاز متصور کیا جائے گا۔

(۷) کوئی بھی شہری پیدائش کے اندراج کے لیے ایسی صورت میں اور ایسے شخص یا فورم کو درخواست دے سکتا ہے، جیسا کہ مجوزہ ہو۔

(۸)　اتھارٹی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت رجسٹرڈ ہونے والے اٹھارہ سال سے کم عمر شہری کو ایسی صورت اور طریق کار میں اور ایسے رجسٹرڈ شہری سے متعلقہ ایسی معلومات پر مشتمل رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ جاری کر سکے گی، جیسا کہ مجوزہ ہو۔

(۹)　کوئی عدالت یا کوئی بھی دیگر فورم ذیلی دفعہ (۸) کے تحت جاری کردہ سرٹیفکیٹ یا آرڈیننس ہذا کے تحت جاری کردہ قومی شناختی کارڈ شہری کی شناخت ثابت کرنے کی غرض سے بطور ثبوت داخل کرے گا اور اس شہری سے متعلقہ دیگر معلومات یا کوائف اس میں مذکور ہوں گے۔

۷۔　**آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۰۰ء، دفعہ ۱۰ کی تبدیلی۔**　مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۰ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۰۔　**قومی شناختی کارڈز۔**　(۱)　اتھارٹی قانونی مدت پوری ہونے، معقول فیس کی ادائیگی پر اور مجوزہ صورت اور طریق کار میں دفعہ ۹ کے تحت رجسٹرڈ اور اٹھارہ سال کی عمر کو پہنچنے والے شہری کو قومی شناختی کارڈ جاری کرے گی یا اس کی تجدید کرے گی۔

(۲)　دفعہ ہذا کے تحت کسی کارڈ کے اجراء یا تجدید سے قبل اتھارٹی کسی بھی شخص سے اس شخص کو آرڈیننس ہذا کے تحت اس سے پہلے جاری کردہ قومی شناختی کارڈ جمع کرانے کا تقاضا کر سکے گی۔

(۳)　اتھارٹی غیر اندراج شدہ شہریوں یا شہریوں کے طبقات، جیسا کہ خواتین، مخنث افراد، معذور افراد اور مذہبی اقلیتوں، نیز کم شرح اندراج کے حامل علاقوں کی نشاندہی کرے گی اور ایسے شہریوں کو قومی شناختی کارڈ کے اجراء میں سہولت بہم پہنچا کر ان کے اندراج کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کرے گی۔

(۴)　باوجود اس امر کے کہ اس آرڈیننس میں کوئی چیز مذکور ہو، اتھارٹی شہریوں کو قومی شناختی کارڈ وفاقی حکومت کی تجویز کردہ مدت کے لیے جاری کرے گی، تاکہ شہریوں کے اندراج اور قومی شناختی کارڈوں کے اجراء میں یکسانیت، مستند پن اور تکنیکی ترقی کو فروغ دیا جا سکے۔"

۸۔　**آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۰۰ء میں دفعہ ۱۰الف کی شمولیت۔**　مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۰ کے بعد درج ذیل نئی دفعہ ۱۰الف شامل کی جائے گی، یعنی:۔

"۱۰/الف۔　**معذوری کے نشان کا حامل قومی شناختی کارڈ۔**　(۱)　اتھارٹی ایسے شہری، جو اٹھارہ برس کی عمر کو پہنچ چکا ہو، دفعہ ۹ کے تحت رجسٹرڈ ہو اور مجوزہ معذوری کا حامل ہو، کو فیس ادا کرنے پر مقررہ مدت کے لیے اور تجویز کردہ صورت وطریقہ کے مطابق معذوری کے نشان کا حامل قومی شناختی کارڈ جاری یا اسکی تجدید کرے گی۔

(۲)　اتھارٹی تجویز کردہ طریقہ کار کے مطابق معذوری کی جانچ کر سکتی ہے، اور اگر معذوری ظاہری ہو تو نامزد کردہ رجسٹریشن افسر کی جانب سے موقع پر معائنے کی بنیاد پر معذوری کے نشان کا حامل قومی شناختی کارڈ جاری یا اسکی تجدید کر سکتی ہے۔"

۹۔ **آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۱۴ میں ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۱۴ میں، عبارت "۱۰، ۱۱، ۱۲ اور ۱۳" کو عبارت "۱۰، ۱۰/الف، ۱۱، ۱۲ اور ۱۳" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۰۔ **آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۰۰ء کی دفعہ ۱۷ میں ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۱۷ میں ذیلی دفعہ (۱) کو درج ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۱) اگر اس آرڈیننس کے تحت جاری کردہ کسی کارڈ یا سرٹیفکیٹ کا حامل شخص وفات پا جائے تو اس کا قریبی رشتہ دار یا سرپرست، وفات کے ساٹھ دن کے اندر، مذکورہ کارڈ یا سرٹیفکیٹ متعلقہ ضلعی رجسٹرار یا کسی دیگر مجوزہ شخص یا اتھارٹی کو جمع کروائے گا۔"

۱۱۔ **آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۰۰ء میں دفعہ ۱۷الف کی شمولیت۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۷ کے بعد درج ذیل نئی دفعہ ۱۷الف شامل کی جائے گی، یعنی:۔

"**۱۷/الف۔ اموات کی رجسٹریشن۔** (۱) اتھارٹی، مقامی حکام کے اشتراک سے مقررہ طریقہ کار کے تحت، شہری کی فوتگی کو رجسٹر کرے گی۔

(۲) اتھارٹی، مقامی حکام کے اشتراک سے ایک مربوط ڈیتھ رجسٹریشن ڈیٹابیس مینجمنٹ سسٹم تیار کرے گی اور شہریوں کے اموات کی رجسٹریشن کے لیے اقدامات کرے گی۔

(۳) مقامی اتھارٹی، مربوط ڈیتھ رجسٹریشن ڈیٹابیس مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے شہریوں کی اموات کی رجسٹریشن میں اتھارٹی کو معاونت فراہم کرے گی، اور اتھارٹی مقامی حکام کو ہدایات جاری کر سکتی ہے جس کیلئے مقامی اتھارٹیز تعمیل کی پابند ہوں گی۔

(۴) پاکستان سے باہر فوت ہونے والے شہری کے لیے، پاکستانی سفارت خانہ یا ہائی کمیشن یا دیگر دفاتر یا شخص، جو بھی مقرر کیا جائے، وہ اموات کی رجسٹریشن کے لیے مقامی اتھارٹی تصور کیا جائے گا۔

(۵) فوت ہونے والے شہری کا قریبی رشتہ دار یا سرپرست، مقررہ فارم میں مقرر کردہ شخص یا فورم کو موت کی رجسٹریشن کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔

(۶) اتھارٹی، مقررہ طریقہ کار کے تحت فوت شدہ شہری کا قومی شناختی کارڈ منسوخ کرے گی۔"

۱۲۔ **آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۰۰ء، دفعہ ۲۳ کی تبدیلی۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۲۳ کو حسب سے تبدیل کیا جائے گا: یعنی:۔

"**۲۳۔ معلومات کا ثبوت طلب کرنے کا اختیار۔** (۱) ذیلی دفعہ (۲) کے تابع، اتھارٹی کسی شخص سے، جس نے کوئی معلومات فراہم کی ہو، مطالبہ کر سکتی ہے کہ وہ معلومات کی سچائی کا دستاویزی یا دیگر ثبوت پیش کرے، بشرطیکہ یہ ثبوت پیش کرنا اس شخص کی اختیار میں ہو۔

(۲) اتھارٹی کسی شخص کی ظاہری معذوری کے ثبوت طلب نہیں کر سکتی، سوائے اس کے کہ مقررہ طریقہ کار کے تحت ایک حلف نامہ پیش کیا جائے۔"

## بیان اغراض و وجوہ

گزشتہ دہائی کے دوران قومی شناخت سے متعلق رجحانات میں تیزی سے تبدیلی آئی ہے۔ اب قومی شناختی کارڈ شہریوں کے لیے اپنے شہری، معاشی اور حقوق املاک کے استعمال کے لیے ضروری ہے۔ نادرا آرڈیننس میں ایسی ترامیم لانا ضروری ہو گیا ہے تاکہ اس کو ان تبدیل شدہ سماجی حالات اور تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا سکے۔ ہر شہری کا اندراج نادرا کی ذمہ داری ہونی چاہیے، جب کہ شہری کی ذمہ داری اس کی ضرورت اور حالات کے مطابق طے ہوتی ہے۔ قومی شناختی کارڈ کے اندراج اور اجرا میں مرد و خواتین کے درمیان صنفی تفریق موجود ہے، جسے ختم کرنے کے لیے قانون میں خصوصی تصریحات کا شامل کرنا ضروری ہے۔ قانون نادرا کو اس امر کا پابند بنائے کہ وہ معذور افراد، خواجہ سراؤں، قیدیوں اور مذہبی اقلیتوں جیسے محروم اہم طبقات کی آسان، کم خرچ رجسٹریشن کے لیے خصوصی اقدامات کرے۔ بچوں کی پیدائش اور اموات کی رجسٹریشن ان کے دیگر شعبے ہیں جن کے لئے نادرا کے نظام میں بہتری کے لیے بھی واضح قانونی تصریحات درکار ہیں۔ اس ترمیم کے تحت پاکستان ادارہ شماریات (پی بی ایس) کو پابند بنایا جا رہا ہے کہ وہ آبادی، افراد اور گھرانوں سے متعلق معلومات نادرا کو فراہم کرے، تاکہ غیر رجسٹرڈ شہریوں بالخصوص خواتین، خواجہ سراؤں، معذور افراد اور اقلیتوں کی شناخت اور رجسٹریشن کو مؤثر بنایا جا سکے۔ اس کے علاوہ نادرا کسی شخص کی ظاہری معذوری کا ثبوت طلب کرنے کے بجائے مقررہ فارم پر حلف نامے کو کافی سمجھے۔ لہٰذا یہ بل:۔

دستخط/۔
محترمہ شاہدہ رحمانی
رکن، قومی اسمبلی۔